لازمی پابندیاں

کووِڈ-19 کے پھیلاؤ کو کم کرنے اور صحت کے نظام کی حفاظت کیلئے البرٹا میں پبلک ہیلتھ کے لازمی اقدامات نافذ ہیں۔

اجتماعات

چاردیواری کے اندر اجتماعات

چاردیواری کے اندر تمام سماجی اجتماعات ممنوع ہیں۔

- وہ افراد جو تنہا رہتے ہیں اور واحد والدین جو صرف 18 سال سے کم عمر کے بچوں کے ساتھ رہتے ہیں وہ ان پابندیوں کے دوران ان دو افراد کا انتخاب کر سکتے ہیں جن سے وہ مِل سکتے ہیں۔

بیرونی اجتماعات

تمام بیرونی سماجی اجتماعات زیادہ سے زیادہ 10 افراد تک محدود ہیں اور ان میں چار دیواری والا جُز ہرگز نہیں ہونا چاہئے۔

شادی بیاہ اور تجہیز و تکفین

شادی بیاہ اور تجہیز و تکفین پر تمام ریسیپشنز ممنوع ہیں۔

- شادی کی تقریبات صرف 10 لوگوں تک محدود ہیں۔
- تجہیز و تکفین کی خدمات صرف 20 لوگوں تک محدود ہیں۔

عبادت کی جگہیں

تمام عبادت گاہوں میں ذاتی طور پر حاضری فائر کوڈ آکیوپینسی کے 25 فیصد تک محدود ہے۔

- ماسک پہننا لازمی ہے۔
- ایک گھرانے کے لوگوں کو ہر وقت دوسرے گھرانوں سے دو میٹر کے فاصلے پر رہنا چاہئے۔

ماسک پہننا

تمام اندرونی عوامی جگہوں، کام کرنے کے مقامات اور عبادت کرنے کی جگہوں پر ماسک لازمی ہیں۔

گھر سے کام کرنا

گھر سے کام کرنا لازمی ہے تاوقتیکہ کسی ایمپلائر کو اپنا کام مؤثر طریقے سے چلانے کیلئے کسی ملازم کی جسمانی موجودگی کی ضرورت نہ ہو۔

کاروباری پابندیاں

تفریح اور تفریحی سہولیات

تفریح اور تفریحی سہولیات لازمی طور پر بند رہیں گی۔ مثالوں میں تھیٹرز، کیسینوز، نائٹ کلبز اور عجائب گھر شامل ہیں۔ لائیبریریاں لازماً بند رہیں گی۔ کمیونٹی ہالز، کانفرنس سینٹرز اور **اندرونی تفریحی سہولیات (جیسے کہ فٹنیس سینٹرز، سپاز اور اکھاڑے)** موجودہ اجازت یافتہ سرگرمیوں کیلئے کُھل سکتے ہیں۔

کھانے کی خدمات

ریستوران، پبز، بارز، لاؤنجز اور کیفے پابندیوں کے ساتھ ٹیک آؤٹ، کرب سائیڈ پِک اَپ، ڈلیوری اور بیرونی آنگن میں کھانے کیلئے کُھل سکتے ہیں۔ اِنڈور ذاتی طور پر آ کر خدمات حاصل کرنے کی اجازت نہیں ہے۔

خوردہ فروشی کی خدمات

تمام خوردہ فروشی کی خدمات اور شاپنگ مالز کو لازمی طور پر گاہکوں کی گنجائش کو فائر کوڈ آکیوپینسی کے 15 فیصد تک کم کرنا ہوگا، جس میں عملہ شامل نہیں ہے۔

صحت اور پیشہ ورانہ خدمات

صحت اور پیشہ ورانہ خدمات صرف ایک سے ایک کی خدمات کیلئے اپوائنٹمینٹ پر کُھل سکتی ہیں۔ پبلک ہیلتھ اور شعبے کی تمام رہنمائیوں پر لازمی طور پر عمل کرنا ہوگا۔ مثالوں میں دانتوں کے ڈاکٹر، ماہرینِ بصارت، تھراپسٹس، ایکیوپنکچرسٹ، وکیل اور اکاؤنٹینٹ شامل ہیں۔

ذاتی اور تندرستی کی خدمات

ذاتی اور تندرستی کی خدمات صرف ایک سے ایک کی خدمات کیلئے اپوائنٹمینٹ پر کُھل سکتی ہیں۔ پبلک ہیلتھ اور شعبے کی تمام رہنمائیوں پر لازمی طور پر عمل کرنا ہوگا۔ مثالوں میں ہیئر اور ناخن سیلونز، جمالیاتی خدمات اور مساج تھراپی شامل ہیں۔

کارکردگی، کھیل اور جسمانی سرگرمیاں

گروپ کارکردگی کے اسباق، ٹیموں کی کھیلیں اور فٹنس کلاسیں ممنوع ہیں۔ ون آن ون فٹنیس ٹریننگ کی پابندیوں کے ساتھ اجازت ہے۔ یُوتھ اور کالجیئیٹ سپورٹ، تفریحی اور کارکردگی کی سرگرمیوں (زیادہ سے زیادہ 10 حصہ لینے والوں) کی پابندیوں کے ساتھ اجازت ہے۔

©2018 Government of Alberta | Published: اپریل 2021ء

Classification: Protected A